سری لنکا نے پاکستان کو دوسرے ٹی ٹونٹی میچ میں35 رنز سے شکست دے دی

- مہمان ٹیم کو سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل ہوگئی
- بھنوکاراجاپکسا کے دھواں دھار 77 رنز
- نوان پرادیپ اور ہسارنگا کی عمدہ باؤلنگ نے جیت میں اہم کردار ادا کیا

لاہور،7 اکتوبر 2019ء:

مڈل آرڈر بیٹسمین بھنوکا راجاپکسا کی شاندار بلے بازی کی بدولت سری لنکا نے پاکستان کو دوسرے ٹی ٹونٹی میچ میں 35 رنز سے شکست دے دی۔ 183 رنز کے تعاقب میں پاکستان کی پوری ٹیم19 اوورز میں147 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔پاکستان کے 6 کھلاڑی ڈبل فگر میں داخل نہ ہوسکے۔

قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے گئے میچ میں سری لنکا کے کپتان داشن شناکا نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیاتو مہمان ٹیم کے دونوں اوپنرز 45 کے مجموعی اسکور پر پویلین واپس لوٹ گئے۔ دانوشکا گوناتھلاکا 15 اوراویشکا فرنینڈو 8 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔جس کے بعد بھنوکا راجاپکسا اور شیہان جے سوریاکے درمیان 94 رنز کی شاندار شراکت نے میچ میں سری لنکا کی پوزیشن مستحکم کردی۔ بھنوکا راجاپکسا نے 48 گیندوں پر 77 رنز بنائے۔ان کی اننگز میں 4 چوکے اور 6 چھکے شامل تھے۔شیہان جے سوریا 34 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔مہمان ٹیم نے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 182 رنز بنائے۔پاکستان کی جانب سے وہاب ریاض، شاداب خان اور عماد وسیم نے 1،1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

جواب میں پاکستان کی جانب سے اننگز کا آغاز متاثر کن نہ رہا۔قومی ٹیم کے دونوں اوپنرز 11 کے مجموعی اسکور پر پویلین واپس لوٹ گئے۔ نائب کپتان بابراعظم 3اور فخر زمان6 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔سرفراز احمد نے کریز سنبھالتے ہی جارحانہ کھیل کا مظاہرہ کیا مگر وہ26 کے انفرادی اسکور پر پویلین واپس لوٹ گئے۔16 گیندوں پر مشتمل کپتان کی اننگز میں3 چوکے اور 1 چھکا شامل تھا۔ادھر طویل عرصے بعد ٹیم میں کم بیک کرنے والے احمد شہزاد 13 اور عمر اکمل بغیر کوئی رنز بنائے آؤٹ ہوگئے۔آلراؤنڈر عماد وسیم اور مڈل آرڈر بیٹسمین آصف علی کے درمیان 75 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔عماد وسیم 29 گیندوں پر 47 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے۔ان کی اننگز میں 8 چوکے

شامل تھے۔آصف علی بھی29 رنز پر ہمت ہار گئے۔پاکستان کی آخری 5 وکٹیں محض 20 رنز پر گریں، جس کے نتیجے میں میزبان ٹیم19 اوورز میں147 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔فاسٹ باؤلر نوان پرادیپ نے 4 اور اسپنرہسارانگا نے 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

دوسرے میچ میں کامیابی سے سری لنکا کرکٹ ٹیم کومیزبان ٹیم کے خلاف ٹی ٹونٹی سیریز میں فیصلہ کن برتری حاصل ہوگئی ہے۔ دوسرے ٹی ٹونٹی میچ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر بھنوکا راجاپاکسا کو مین آف دی میچ کا ایوارڈ دیا گیا۔

پاکستان اور سری لنکا کے درمیان تیسراٹی ٹونٹی میچ 9 اکتوبر کو قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلا جائے گا۔

– ENDS –